**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# پاکستان تحریک انصاف کا مکمل یکسوئی سے انتخابات کی تیاریوں کا فیصلہ

12 دسمبر 2023

- تنظیمی ڈھانچوں کو انتخابات مدِ نظر رکھ کر ہی تمام تر سیاسی سرگرمیاں ترتیب دینے کی خصوصی ہدایات جاری
- انتخابات سے قبل "لانگ مارچ" کی کوئی ضرورت ہے نہ تحریک انصاف نے ایسا کوئی فیصلہ کیا ہے۔
- قومی انتخابات سب سے بڑی اور اہم ترین سیاسی سرگرمی ہے جس کے لئے ہمہ جہت اور موزوں ترین تیاریاں درکار ہیں۔
- کارکنان کور کمیٹی کی جانب سے تنظیمی ڈھانچوں کو دیے گئے اہداف کے تحت ملک بھر میں قومی انتخابات کی بھرپور تیاریاں یقینی بنائیں گے۔
- پاکستان تحریک انصاف کسی قسم کی اشتعال انگیزی، تشدد اور ریاستی اداروں کیخلاف مہم جوئی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے نہ یہ ہمارے فلسفۂ و جدوجہد سے مطابقت رکھتا ہے۔
- بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا سیاسی سفر عدمِ تشدد، قانون کی حکمرانی اور پرامن سیاسی جدوجہد کی تابناک مثال ہے۔
- تحریک انصاف پرامن سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے ماورائے آئین و قانون یا پر تشدد ذرائع اور وسائل پر یقین رکھتی نہ کسی کو اپنے پلیٹ فارم سے ایسی کسی کوشش کی اجازت دیں گے۔
- تحریک انصاف اداروں خصوصاً افواجِ پاکستان کے آئین کی حدود و قیود میں کردار کی قائل ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- ”ملک بھی میری، فوج بھی میرے اور قوم بھی میری“ کا بانی چیئرمین عمران خان کا ویژن کشیدگی اور تصادم کا نہیں، کامل تہذیب، شائستگی اور آئین و قانون کے تابع رہ کر ملکی تعمیر و ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کا پرامن لائحۂ عمل ہے۔
- تمام تر ظلم و بربریت اور لاقانونیت کے باوجود آئین و قانون کی پاسداری کرتے ہوئے ہر قسم کے اشتعال سے گریز کریں گے اور عوام کے ووٹ کے ذریعے ملک میں دستور و جمہوریت کی بحالی کا فریضہ سرانجام دیں گے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ